© rasailojaraid.com



# اخبار الوفاق

ادارہ

☆ **مدارس کے اجتماعات میں شرکت**

مولانا محمد حنیف جالندھری ناظمِ اعلیٰ وفاق المدارس نے ۱۲ جنوری ۲۰۱۳ء، ۲۹ صفر المظفر ۱۴۳۴ھ بروز ہفتہ جامعہ عبداللہ بن عباسؓ کچا کھوہ (خانیوال) اور ۱۷ جنوری ۲۰۱۳ء، ۴ ربیع الاول ۱۴۳۴ھ بروز جمعرات: جامع مسجد شمس الحق شریف پورہ ملتان میں سیرت النبی ﷺ کے عنوان پر منعقدہ اجتماعات سے خطاب کیا۔

☆ **محکمہ اوقاف پنجاب کے اجلاس میں شرکت**

۱۶ جنوری ۲۰۱۳ء، ۲ ربیع الاول ۱۴۳۴ھ بروز بدھ اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان کے مرکزی قائدین اور محکمہ اوقاف حکومت پنجاب کے درمیان ایک مشاورتی اجلاس ہوا جس میں ناظم اعلیٰ وفاق المدارس نے شرکت کی، اجلاس میں ''وفاق'' کے امتحانات میں نمایاں کامیاب ہونے والے طلبہ وطالبات میں لیپ ٹاپ کمپیوٹرز کی تقسیم کے فارمولے اور طریقہ کار پر غور کیا گیا۔

☆ **سعودی عرب کے سفیر محترم سے ملاقات**

۲۴ جنوری ۲۰۱۳ء، ۱۱ ربیع الاول ۱۴۳۴ھ بروز جمعرات وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ناظم اعلیٰ اور مجلس عاملہ کے رکن حضرت مولانا فضل الرحیم صاحب نائب مہتمم جامعہ اشرفیہ، لاہور نے سعودی سفارت خانہ اسلام آباد میں سعودی عرب کے محترم اور معزز سفیر جناب فضیلۃ الشیخ عبدالعزیز ابراہیم الغدیر سے ملاقات کی اور موصوف سے وفاق المدارس العربیہ کی اسناد کی سعودی عرب کی جامعات سے معادلت اور سعودی عرب کے جامعات میں ''فضلاءِ وفاق'' کے داخلہ وغیرہ کے امور پر تفصیلی بات چیت کی، اس ملاقات میں شعبہ تعلقات سعودی سفارتخانہ کے سربراہ فضیلۃ الشیخ بدر العنیبی بھی شریک تھے

☆ **قومی سیرت النبی ﷺ کانفرنس میں شرکت**

۲۵ جنوری ۲۰۱۳ء، ۱۲ ربیع الاول ۱۴۳۴ھ بروز جمعۃ المبارک وزارتِ مذہبی امور (حکومتِ پاکستان) کے زیر اہتمام منعقدہ'' قومی سیرت النبی ﷺ کانفرنس'' اسلام آباد میں وفاق المدارس کے ناظم اعلیٰ نے شرکت کی اور ''عدل اجتماعی'' کے عنوان پر مفصل اور مدلل خطاب کیا۔

اور اسی روز اڈیالہ روڈ (راولپنڈی) کے علماء کی دعوت پر بعد نماز مغرب ''محسنِ اعظم ﷺ'' کانفرنس میں شرکت کی اور حضور ﷺ کی عالمگیر نبوت کے عنوان پر تفصیلا خطاب فرمایا۔

☆ **صوبائی وزیر قانون حکومت پنجاب کے ساتھ ملاقات**

ناظمِ اعلیٰ وفاق المدارس نے ۲۶ جنوری ۲۰۱۳ء، ۱۳ ربیع الاول ۱۴۳۴ھ اور ۲ فروری ۲۰۱۳ء، ۲۰ ربیع الاول ۱۴۳۴ھ بروز ہفتہ علماء اہل سنت والجماعت پنجاب کے ایک وفد کے ہمراہ محترم جناب رانا ثناء اللہ صاحب (صوبائی وزیر قانون پنجاب) سے ملاقات کی، جس میں حکومت پنجاب کے بعض فیصلوں پر علماء دیوبند کے تحفظات کے حوالہ سے تبادلۂ خیال ہوا۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆ **قومی کانفرنس میں شرکت**

ناظمِ اعلیٰ وفاق المدارس نے ۲۷ جنوری ۲۰۱۳ء، ۱۴ ربیع الاول ۱۴۳۴ھ بروز اتوار: جماعت اسلامی پاکستان کی دعوت پر الحمراء ہال لاہور میں قاضی حسین احمد مرحوم اور پروفیسر غفور احمد مرحوم کی یاد میں منعقدہ قومی کانفرنس میں شرکت کی اور خطاب کیا۔

☆ **اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کی عالمی سیرت کانفرنس میں شرکت**

ناظمِ اعلیٰ وفاق المدارس نے ۲۹ جنوری ۲۰۱۳ء، ۱۶ ربیع الاول ۱۴۳۴ھ بروز منگل اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں منعقدہ ''عالمی سیرۃ النبی ﷺ کانفرنس:'' کی ایک نشست کی صدارت کی اور صدر مجلس کی حیثیت سے ''عصر حاضر کے معاشرتی مسائل اور ان کا حل سیرت طیبہ کی روشنی میں'' کے موضوع پر خطاب فرمایا اور بعد ازاں وائس چانسلر جناب ڈاکٹر محمد مختار احمد صاحب اور یونیورسٹی کے دیگر پروفیسر صاحبان اور بیرون ملک سے آئے ہوئے وفود اور علماء کرام سے مختلف امور پر بات چیت کی۔

☆ **اسلام آباد میں اجلاس**

۳ فروری ۲۰۱۳ء، ۲۱ ربیع الاول ۱۴۳۴ھ بروز اتوار: وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس عاملہ کے رکن اور جامعہ دار العلوم کراچی کے صدر حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب دامت برکاتہم کی زیر صدارت اسلام آباد میں راولپنڈی اور اسلام آباد کے علماء کرام، وکلاء کا ایک اہم اجلاس ہوا، جس میں لال مسجد کے حوالہ سے وفاق المدارس کے موقف پر غور کیا گیا اور اسے حتمی شکل دی گئی اور یہ اجلاس دن ۱۲ بجے شروع ہوا اور رات ۱۲ بجے تک جاری رہا۔

☆ **لال مسجد انکوائری کمیشن میں بیان**

۴ فروری ۲۰۱۳ء، ۲۲ ربیع الاول ۱۴۳۴ھ بروز پیر: وفاق المدارس کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب، مجلس عاملہ کے رکن حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب دامت برکاتہم، امتحانی کمیٹی کے رکن مولانا امداد اللہ (ناظم تعلیمات جامعۃ العلوم الاسلامیہ، علامہ بنوری ٹاؤن کراچی) اور راولپنڈی/ اسلام آباد کے علماء کرام کے ہمراہ ''لال مسجد انکوائری کمیشن'' اسلام آباد کے سامنے پیش ہوئے اور لال مسجد آپریشن کو رکوانے کے لیے ''وفاق المدارس'' کی کوششوں، مذاکرات اور اس وقت کی حکومت کے ساتھ طے پائے جانے والے امور پر تفصیل سے بیان ریکارڈ کروایا، اس موقع پر حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب، حضرت مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ صاحب، مولانا امداد اللہ صاحب، مولانا محمد شریف ہزاروی صاحب، مولانا پیر عزیز الرحمٰن ہزاروی صاحب، مولانا ظہور احمد علوی صاحب، مولانا نذیر فاروقی صاحب اور دیگر علمائے کرام نے الگ الگ اپنے بیانات میں ناظم اعلیٰ کے بیان کی تائید کی۔

اسی روز تین بجے سہ پہر حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری زید مجدہم نے جمعیت علمائے اسلام کے امیر حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب سے ان کی رہائش گاہ پر اسلام آباد میں ملاقات کی، جس میں وطن عزیز پاکستان کی موجودہ صورتحال، بالخصوص کراچی میں علمائے کرام اور طلبہ عزیز کی شہادتوں اور قتل وغارت پر تفصیلی مشاورت ہوئی۔

☆ **جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی میں اجلاس**

۲۴ ربیع الاول ۱۴۳۴ھ مطابق ۶ فروری ۲۰۱۳ء بروز بدھ حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم، نائب صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی دعوت پر کراچی کے مدارس وجامعات اور سرکردہ مذہبی شخصیات کا ایک اجلاس زیر صدارت صدر الوفاق شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہم العالی منعقد ہوا، جس میں کراچی کی صورت حال علماء، اساتذہ وطلبہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کی شہادت کے سانحات پر غور وخوض کے بعد اہم فیصلے کیے گئے۔

☆ ''ناظم اعلیٰ کا دورۂ کراچی''

۶ فروری ۲۰۱۳ء، ۲۴ ربیع الاول ۱۴۳۴ھ بروز بدھ، جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی کے مہتمم اور وفاق المدارس کے نائب صدر حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب، نائب مہتمم مولانا سید سلمان بنوری صاحب اور ناظم تعلیمات مولانا امداداللہ صاحب سے حضرت مولانا مفتی عبدالمجید دین پوری شہید، مفتی محمد صالح شہید اور طالب علم حسان علی شاہ شہید کی شہادت پر تعزیت کی، اس کے بعد وفاق کے صدر حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی اور مختلف امور پر مشاورت کی۔

اسی روز بعد نماز عشاء جامعہ دارالعلوم کراچی میں حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب اور حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی دامت برکاتہما سے ملاقات کی اور بعض امور پر مشاورت کی۔

☆ ناظم اعلیٰ کا دورۂ بنگلہ دیش

۷ فروری ۲۰۱۳ء، ۲۵ ربیع الاول ۱۴۳۴ھ بروز جمعرات، حضرت مولانا مفتی عبدالرحمٰن صاحب دامت برکاتہم (مہتمم مرکز الفکر الاسلامی، ڈھاکہ) اور وفاق المدارس بنگلہ دیش کی دعوت پر دو روز کے لیے ڈھاکہ تشریف لے گئے، موصوف ڈھاکہ سے چاٹگام تشریف لے گئے، جہاں ایک بین الاقوامی کانفرنس سے بعد نماز مغرب خطاب فرمایا، اور اس موقع پر آپ نے مختلف ممالک سے آئے ہوئے علماء کرام سے بھی ملاقات کی۔

۸ فروری ۲۰۱۳ء، ۲۶ ربیع الاول ۱۴۳۴ھ بروز جمعۃ المبارک:

مرکز الفکر الاسلامی ڈھاکہ کی جامع مسجد میں نماز جمعہ سے قبل خطبہ ارشاد فرمایا اور نمازِ جمعہ کی امامت فرمائی، بعد ازاں ٹانگ آئل (بنگلہ دیش) تشریف لے گئے اور بعد نماز مغرب ایک عظیم الشان اجتماع میں ''عقیدہ ختم نبوت کی اہمیت'' کے مقدس عنوان پر مفصل خطاب فرمایا۔

۹ فروری ۲۰۱۳ء، ۲۷ ربیع الاول ۱۴۳۴ھ بروز ہفتہ:

ڈھاکہ سے کراچی پہنچے اور ائیر پورٹ سے سیدھے جامعہ درویشیہ کراچی کے مہتمم مولانا لیاقت علی نقشبندی زید مجدہم سے ان کے صاحبزادہ حافظ حسان علی شاہ شہید کی شہادت پر تعزیت کی۔

☆ اسلامی نظریاتی کونسل کے اجلاس میں شرکت

ناظمِ اعلیٰ وفاق المدارس نے ۱۳ فروری ۲۰۱۳ء، ۲ ربیع الثانی ۱۴۳۴ھ بروز بدھ: اسلامی نظریاتی کونسل پاکستان کے اجلاس میں شرکت کی اور اگلے دن بھی اجلاس میں شرکت کی، بعد ازاں ''صوابی'' کے علماء کی دعوت پر صوابی تشریف لے گئے، جہاں پر حضرت مولانا فضل علی صاحب راہنما جمعیت علمائے اسلام اور سابق صوبائی وزیر تعلیم نے علماء کی ایک بڑی تعداد کے ساتھ آپ کا استقبال کیا اور جامعہ مفتاح العلوم، محلہ عثمان خیل (صوابی) میں مدارس دینیہ کنونشن سے خطاب کیا، جس میں علاقہ کے ارباب مدارس اور علماء کی ایک بہت بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر وفاق کے نائب صدر اور جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے نائب مہتمم مولانا انوار الحق صاحب نے بھی خطاب فرمایا۔


© rasailojaraid.com